# جغرافیہ

## جوابات : مشقی سوالیہ پرچہ 5

**سوال 1.**

**(1)** بھارت کی ریاستیں شمال سے جنوب کی جانب :

ہریانہ - مہاراشٹر - کرناٹک - کیرالا

**(2)** بھارت کی طبعی تقسیم جنوب سے شمال کی جانب :

نیلگری کی پہاڑیاں - دکن کی سطح مرتفع - شمالی میدان - ہمالیہ

**(3)** برازیل کی ریاستیں آبادی کی اترتی ترتیب میں :

ریودی جانیریو - پارانا - پارائبا - رورائما

**(4)** برازیل کے علاقے سالانہ اوسط بارش کی چڑھتی ترتیب میں :

پیراگوئے-پیراناوادی - برازیل کی بلندزمین - ساحلی علاقے - امیزان کی وادی

**سوال 2.**

**(1)** ریوگرانڈے – برازیل کی بندرگاہ

**(2)** تھارکاریگستان – بھارت کا کم آبادی والا علاقہ

**(3)** رورائما – برازیل کی کم آبادی والی ریاست

**(4)** تھانہ – بھارت کا ریلوے اسٹیشن

**سوال 3.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **(1)** | (i) اندر پرستھ (دہلی) | (ii) میتھیلا | (iii) وارانسی | (iv) ہڑپا |
| **(2)** | (i) پاؤبرازیل | (ii) ربڑ | (iii) مہوگنی | (iv) روزووڈ |
| **(3)** | (i) بیاض | (ii) سوالنامہ | (iii) پین | (iv) پنسل |
| **(4)** | (i) لوہے کی کچدھات | (ii) مینگنیز | (iii) کوئلہ | (iv) باکسائٹ |
| **(5)** | (i) ممبئی | (ii) دہلی | (iii) کولکاتا | (iv) چینئی |

سوال 4. (A)




اشاریہ :

| نمبر شمار | نشان اور علامات | بیان |
|---|---|---|
| (1) | | ممبئی بندرگاہ |
| (2) | | ست پڑا پہاڑی سلسلہ |
| (3) | | بھارت کی راجدھانی – نئی دلی |
| (4) | | کم آبادی والی ریاست – سکم |
| (5) | | لداخ |
| (6) | | زیادہ آبادی والی ریاست – کیرالا |

سوال 4. (B)

(1) برازیل کا اوسط درجۂ حرارت 18 °C سے 28 °C ہے۔

(2) برازیل میں دریائے امیزان کی وادی میں بارش زیادہ ہوتی ہے۔

(3) برازیل میں جنوب مشرقی اور شمال مشرقی سمتوں سے ہوائیں آتی ہیں۔

(4) پیراگوئے – پیرانا دریا کی وادی اور کوہ اینڈس کے قریبی علاقوں میں اوسط درجۂ حرارت کم ہے۔

(5) برازیل کی بلند زمین کے علاقے میں سالانہ اوسط بارش سب سے کم ہوتی ہے۔

سوال 5.

(1) (۱) برازیل کے شمالی ساحلی علاقوں میں خطِ استوا کے قریب عموماً درجۂ حرارت میں کوئی خاص فرق واقع نہیں ہوتا۔

(۲) اس علاقے میں ہوائیں مسلسل عمودی سمت میں بہتی رہتی ہیں۔

(۳) اس علاقے میں اندرون منطقۂ حارہ کا مجموعی حصہ تنگ ہونے کی وجہ سے گردباد تیار نہیں ہوتے۔ اس لیے برازیل میں منطقۂ حارہ کے گردبادی طوفان بہت کم آتے ہیں۔

(2) (۱) برازیل پر تین سو سال سے زیادہ عرصے تک پرتگالیوں کا قبضہ تھا۔

(۲) بیسویں صدی کے آخری زمانے میں یہ ملک عالمی مالی مسائل سے ابھرا ہے۔

(۳) برازیل کو مستقبل کی ایک اہم منڈی کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے، اس طرح دنیا کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے ملک کے طور پر برازیل کی طرف دیکھا جاتا ہے۔

(3) (۱) مخلوط معیشت میں عوامی اور نجی شعبہ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔

(۲) بھارت اور برازیل میں ریلوے، بجلی کی پیداوار، لوہا اور فولاد کی صنعت وغیرہ کی ملکیت اور انتظام پر بالخصوص حکومت کا کنٹرول ہے۔


(۳) بھارت اور برازیل میں بینک، ہوائی سفر، صحت و علاج، تعلیم، مواصلات وغیرہ شعبوں کے وسائل کی ملکیت اور انتظام کا کنٹرول حکومتی اور نجی اداروں میں بٹا ہوا ہے۔ اس طرح بھارت اور برازیل دونوں مقامات پر مخلوط معیشت پائی جاتی ہے۔

(4) (۱) آبی راستہ، نقل و حمل کا سب سے سستا ذریعہ ہے نیز آبی ذرائع نقل و حمل کی مال و اسباب ڈھونے کی صلاحیت بھی زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) بین الاقوامی تجارت میں بڑے پیمانے پر اشیا کی درآمد اور برآمد کی جاتی ہے۔

(۳) بین الاقوامی تجارت کے لیے سمندری ذرائع آمد و رفت کا استعمال کرنے پر کم خرچ میں زیادہ اشیا کی درآمد و برآمد کی جاسکتی ہے۔ اس لیے بین الاقوامی تجارت کے لیے سمندری راستے پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔

سوال 6. (A)




(1) ۲۰۱۷ء میں بھارت کی شہری آبادی کا فی صد ۳۲ء۸ ہے۔

(2) برازیل کی شہری آبادی کا فی صد زیادہ ہے۔

(3) دونوں ملکوں کی شہری آبادی کے رجحان سے ظاہر ہوتا ہے کہ برازیل میں شہر کاری کی شرح کم اور بھارت میں زیادہ ہے۔

یا

سوال 6. (B)

(1) ۱۹۹۵ء میں بھارت میں زیادہ غیر ملکی سیاح آئے۔

(2) ۲۰۰۰ء میں برازیل میں زیادہ غیر ملکی سیاح آئے۔

(3) ۲۰۱۰ء میں بھارت میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد میں اضافہ دکھائی دیتا ہے۔

(4) ۲۰۱۵ء میں برازیل میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد تقریباً ۶۰ لاکھ اور بھارت میں ۱۳۰ لاکھ تھی۔

(5) ۲۰۰۵ء تا ۲۰۱۰ء کے عرصے میں برازیل میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد کم دکھائی دیتی ہے۔

(6) ۲۰۱۰ء کے بعد پیشہ ورانہ رویے اور سہولتوں میں اضافے کے سبب بھارت میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

**سوال 7.**

**(1) (الف) مفہوم :**

(۱) جغرافیہ مشاہدے کے ذریعے حاصل کیا جانے والا علم ہے۔

(۲) جغرافیہ کے لیے پوری زمین کو ایک تجربہ گاہ تسلیم کیا گیا ہے۔

(۳) پوری زمین کی عملاً سیر کر کے مطالعہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

(۴) اس لیے مخصوص علاقے کا انتخاب کر کے اس کی قدرتی اور ثقافتی خصوصیات کا مطالعہ کیا جاتا ہے جسے علاقائی سیر کہتے ہیں۔

**(ب) علاقائی سیر کے لیے ساتھ لے جانے والی اشیا :** علاقائی سیر کے لیے ہم مندرجہ ذیل اشیا ساتھ لیں گے :

(۱) معلومات درج کرنے کے لیے بیاض، قلم، پنسل، پیمائشی پٹی، کیمرہ، دوربین وغیرہ۔

(۲) مقام کی سمت طے کرنے کے لیے قطب نما اور مختلف مقامات کو سمجھنے کے لیے نقشے۔

(۳) علاقائی سیر کے مقصد کے لحاظ سے معلومات اکٹھا کرنے کے لیے سوالنامہ۔

(۴) علاقے سے پانی، مٹی، نباتات، پتھروں وغیرہ کے نمونے اکٹھا کرنے کے لیے کاغذی تھیلی یا بند ڈھکن والے ڈبے۔ ان کے علاوہ ٹوپی، پانی کی بوتل، فوری علاج کا بکس وغیرہ۔

**(2)** برازیل اور بھارت میں جنگلات کے خاتمے کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) بھارت اور برازیل دونوں ممالک میں بڑھتی آبادی کی رہائش کے لیے جگہ کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔

(۲) رہائش کے لیے جگہ فراہم کرنے کی غرض سے دونوں ممالک میں بڑے پیمانے پر جنگلات کاٹے جاتے ہیں۔

(۳) برازیل میں 'روکا' اور بھارت میں 'جھوم' قسم کی گشتی کاشتکاری کے لیے جنگلات کے درخت کاٹ کر یا جلا کر کھیتی اور رہائش کے لیے زمین فراہم کی جاتی ہے۔

(۴) لوگ ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر جنگلات کے درخت کاٹتے رہتے ہیں۔

**(3)** جنوب سے شمال کی جانب بھارت کی آب وہوا میں ذیل کے مطابق تبدیلی ہوتی ہے :

(۱) بھارت میں جنوب سے شمال کی طرف جانے پر درجۂ حرارت کم ہوتا جاتا ہے۔

(۲) مثلاً بھارت کے جنوب میں جزیرہ نما کے بیشتر علاقے میں اوسط درجۂ حرارت °۲۵ تا °۳۰ س ہوتا ہے جبکہ شمال کے پہاڑی علاقوں کے بیشتر حصوں میں اوسط درجۂ حرارت °۵ تا °۱۰ س ہوتا ہے۔

(۳) بھارت میں جنوب سے شمال کی جانب بارش بھی کم ہوتی جاتی ہے۔

(۴) مثلاً جنوب میں چینئی کے مقام پر نومبر کے مہینے میں سب سے زیادہ بارش یعنی تقریباً ۴۱۰ ملی میٹر ہوتی ہے۔ اس کے برعکس شمال میں دہلی کے مقام پر اگست کے مہینے میں سب سے زیادہ بارش یعنی تقریباً ۲۵۰ ملی میٹر ہوتی ہے۔

★★★